عوام دوست پینل گڈاپ ٹاؤن مراد میمن گوٹھ یوسی 1 کے جنرل کونسلر خالد محمود بروہی کی 50 ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

اگر کوئی سندھ کو اور اس ملک کو ظلم و استحصال کی دلدل سے نکال سکتا ہے تو وہ صرف اور صرف الطاف حسین ہیں، خالد محمود بروہی

کراچی ۔۔۔ 11، مارچ 2009ء

عوام دوست پینل سے تعلق رکھنے والے گڈاپ ٹاؤن مراد میمن گوٹھ یوسی 1 کے جنرل کونسلر خالد محمود بروہی نے قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ، ایم کیو ایم کی عملی جدوجہد پر مکمل اعتماد کا اظہار اور کراچی میں جاری ترقیاتی کاموں سے متاثر ہو کر اپنے 50 سے زائد ساتھیوں سمیت ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر سے ملاقات میں کیا۔ اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین الطاف حسین مینگل، گل محمد مینگل اور عزیز الرحمان بھی موجود تھے۔ خالد محمود بروہی نے کہا ہمارے آباؤ اجداد سینکڑوں سالوں سے سندھ میں آباد ہیں ہم نے ہر سیاسی و مذہبی جماعت کو آزمالیا ہے لیکن سب نے ہمارا استحصال کیا ہے اور ہمیں آپس میں لڑا کر حکومت کی لیکن تمام تر سازشوں کے باوجود اب سندھ کے باسی اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ اگر کوئی سندھ کو اور اس ملک کو ظلم و استحصال کی دلدل سے نکال سکتا ہے تو وہ صرف اور صرف الطاف حسین ہیں جو نظام کی تبدیلی کیلئے جہد مسلسل کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں الطاف حسین کی قیادت پر پورا اعتماد ہے، ہم بہت سوچ سمجھ کر ایم کیو ایم کی جدوجہد کا حصہ بننے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر نے خالد محمود بروہی کے جذبات کو سراہا اور ایم کیو ایم میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ملک میں رائج ظالم و جابر اور کرپٹ استحصالی نظام کے خاتمے اور 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی قائم کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی جدوجہد کا مقصد اجتماعیت پر مشتمل ہے لہٰذا ہمیں انفرادی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر ملک و قوم کی عظیم تر مفاد کیلئے ہر قسم کی قربانی دینا ہوگی۔

ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 11، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 143-B کے کارکن عباس یوسف کے بھائی نور یوسف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

کراچی اور ہیوسٹن کو جڑواں شہر قرار دیئے جانے کا اقدام خوش آئند اور تاریخی فیصلہ ہے، ایم کیو ایم امریکہ

ہوسٹن ۔۔۔ 11، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ نارتھ امریکہ کے نگران اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، نگراں ایم کیو ایم یو ایس اے عباد الرحمان، سینٹرل آرگنائزر اعجاز صدیقی اور سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کراچی اور ہیوسٹن کو جڑواں شہر قرار دیئے جانے کے اقدام کو ایک خوش آئند اور تاریخی فیصلہ قرار دیا ہے اور اس پر کراچی کے سٹی ناظم مصطفےٰ کمال اور ہیوسٹن کے لارڈ میئر کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی اور ہوسٹن کو جڑوان شہر قرار قرار دینے کی دستاویز پر دستخط قائد تحریک جناب الطاف حسین کی کے فکر و فلسفے کی حقانیت کا ثبوت ہے اور 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کی فتح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مثبت فیصلے سے دونوں شہروں کے عوام نہ صرف ایک دوسرے کے قریب آئینگے بلکہ بین الاقوامی مسائل پر یکساں مئوقف اختیار کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کراچی اور ہوسٹن کو جڑواں شہر قرار دیئے جانے کے سلسلے میں ہوسٹن یونٹ کے ذمہ داران اور کارکنان اور خصوصی طور پر جناب ایم جے خان کی کاوشوں کو سراہا اور اس کامیابی پر دونوں شہروں کے عوام کو زبردست مبارکباد پیش کی۔

ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے سلسلے میں ورجینیا میں منعقد ہونے والے کنونشن کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہوگئیں

سلور جوبلی کنونشن ایم کیوایم کی تاریخ کا ایک اور سنگ میل ثابت ہوگا، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

فلاڈیلفیا میں ایم کیوایم یوایس اے کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

ورجینیا۔۔۔11، مارچ 2009ء

ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے موقع پر ایم کیوایم امریکہ کے زیراہتمام ورجینیا میں منعقد ہونے والا سلور جوبلی کونشن اپنی تیاریوں کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے اور پوری دنیا بشمول پاکستان، برطانیہ، کینیڈا، متحدہ عرب امارات اور امریکہ کے کونے کونے سے وفود کی ورجینیا آمد کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ سلور جوبلی کنونشن کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے گزشتہ روز فلاڈیلفیا میں ایم کیوایم یوایس اے کا اعلیٰ سطحی اجلس منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگراں اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کے علاوہ ایم کیوایم یوایس اے کے نگراں عباد الرحمان، ایم کیوایم یوایس اے کے سینٹرل آرگنائزر راعجاز صدیقی اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی اور کنونشن کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے نگراں اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے تیاریوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم یوایس اے کا یہ سلور جوبلی کنونشن ایم کیوایم کی تاریخ کا ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ اس کنونشن میں وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار اور ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال خصوصی طور پر شرکت کرینگے۔ دریں اثناء امریکہ کے مختلف شہروں میں ایم کیوایم کی سلور جوبلی تقریبات کا سلسلہ جاری ہے اور ان تقریبات میں جہاں ایم کیوایم کے کارکنان جوش وخروش کے ساتھ شرکت کر رہے ہیں وہیں پاکستانی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایک بڑی تعداد شرکت کر رہی ہے۔

☆☆☆☆☆